(بین السطور ترجمہ:) یا اللہ کر ہمارے حج کو حج مقبول اور گناہ بخشا گیا — ذبح کرتا ہون ساتہہ نام خدا کی یا اللہ قبول کر مجہسی یعنی قربانی میرے اور امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیسی یعنی قربانیان اونکی تحقیق میںنی توجہ کیا موہنہ اپنا واسطی اوسکے کہ پیدا کیا آسمانون کو اور زمین کو حال یہہ کہ ہون دین ابراہیم پر ہوں توحید کرنیوالا اور نہین ہون مشرکون سی تحقیق نماز میرے اور عبادتین میرے اور زندگی میرے اور مرنا میرا واسطی خدا پروردگار عالمونکی ہی نہین کوئی شریک اوسکا اور ساتہہ اوسیکے حکم کیا گیا ہون میں اور میں مسلمانون سی ہون یا اللہ یہہ قربانی تجہسی ہی اور تیری ہی لئی ساتہہ نام خدا کی ذبح کرتا ہون اور اللہ بہت بڑا ہی

(حاشیہ:) معلوم ہوتا ہی کہ جمرۃ العقبہ کی پاس بہی دعا کرے اگرچہ نور ایضاح میں ... اگر نام الہٰ تعالی کا ذبح کی وقت قصدا ترک کری وہ جانور کہانا ...

وَبَشِّرِکَیٰ آخر آیۃ تک کہا عمران صحابی نی کہ عرض کیا مینی ای رسول اللہ کی یہہ ثواب تمہاری لئی اور اہل بیت تمہاری ہی کی لئی ہے خاص کر یعنی یا امت آپکی بھی اسمین شریک ہے فرمایا حضرت نی بلکہ سب مسلمانونکی لئے ہے یعنی جو کریگا یہی ثواب پاویگا ف ا ۵ پس جو ہووے قربانی اونٹ پس چاہی کہ کہڑا کری اوسکو پہر کہی اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُمَّ مِنْکَ وَلَکَ پہر بِسْمِ اللّٰہِ کہی پہر نحر کری یعنی اونٹ کا سینہ چاک کری اور جو ہووی جانور ذبح کا عقیقہ کری مانند قربانی کی یعنی بسم اللہ اللہ اکبر وغیرہ اوسیطرح پڑہے ۵ اور بسم اللہ کہی عقیقی پر جیسی کہ بسم اللہ کہی قربانی پر اسطرح کہی بِسْمِ اللّٰہِ عَقِیْقَۃُ فُلَانٍ یہہ عقیقہ فلانی لڑکی کا ہی ۵ اور جب داخل ہووی خانہ کعبہ مین اللہ اکبر کہی چارون کونون اوسکی مین ۵ اور دعا کری کعبہ کے سب کونون مین پس جب نکلی پڑہی سامنی کعبہ کے دو رکعتین ۵ اور داخل ہوئی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کعبی مین اور اسامہ اور عثمان ابن طلحہ حجبی اور بلال بن رباح پس بند کیا دروازہ اوسکا عثمان نے اوپر آنحضرت کی یعنی تا لوگ بہیڑ نکرین اور ٹہیری پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم

اوسمین پس پوچھا مینی یعنی ابن عمر نی بلال سی جسوقت کہ نکلی پیغمبر
صلی اللہ علیہ وسلم کہ کیا کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی یعنی کعبہ مین
ٹہیر کر پس کہا بلال نی کہ کیا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی ایک ستون بائین
طرف اپنی اور دو ستون دائین طرف اپنی اور تین ستون پیچہی اپنے
اور تہا کعبہ اوس دن اوپر چہہ ستونونکی یعنی اب تین ستون ہین پہر نماز
پڑہی اور جب داخل ہوی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کعبی مین حکم کیا
بلال کو پس بند کیا دروازہ اور کعبہ اوسوقت مین اوپر چہہ ستونونکی تھا
پس گئی آنحضرت یعنی طرف دیوار کعبی کی کہ سامنی دروازہ کی ہی یہانتک کہ
جسوقت ہوی درمیان اون دونون ستونون کی کہ قریب ہتی دروازہ کعبی کے
یعنی سامنی دروازہ کی تہی بیٹہی پس تعریف کی خدا تعالی کی اور ثنا کی
اوسپر اور حاجتین مانگین اوس سی اور بخشش چاہی اوس سی پس کہڑی
ہوی یہانتک کہ جسوقت آئی اوس چیز کو کہ سامنی تہی پشت کعبہ کی
یعنی دیوار پشت کعبی کی سامنی دروازی کعبی کی ہے اوسکی طرف گئی
اور دروازہ کعبی کو اپنی پشت پر کیا پس کہا مونہہ اپنا اور رخسارہ مبارک اپنا
اوسپر اور حمد کی خدا تعالی کی اور ثنا کی اوسپر اور حاجتین مانگین اور

اور بخشش چاہے اوس سے پہر پہرے طرف ہر کونے کے کونون کعبے

کیسے پس متوجہ ہوے طرف ہر کونے کے ساتھہ تکبیر کہنے کی اور

لا الہ الا اللہ پڑہنے کے اور سبحان اللہ پڑہنے کی اور ثنا کرنے کی

اللہ تعالے پر اور مانگنے حاجتونکی اور بخشش چاہنے کی پہر باہر نکلے پس

پڑہیں دو رکعتین سامنے دروازہ کعبے کی پہر پہرے طرف مکان اپنی کی

اور جب پیوے کوئی پانی زمزم کا پس موںہہ کرے کعبے کی طرف اور

بسم اللہ کہے اور تین دم لی یعنی تین دم مین پیوے اور ہر دم مین برتن

موںہہ سے جدا کرلے اور سیراب ہووے اوس سے یعنی بہت پیٹ بہر کر

پیئے کہ کوکہین تن جاوین پس جب فراغت پاوے پس تعریف کرے

خدا تعالے کی بلاشبہہ نشانی فرق کی درمیان ہمارے اور درمیان

منافقون کی یہہ ہے کہ سیراب نہین ہوتے ہین وہ زمزم سے

اور پانی زمزم کا واسطے اوس چیز کی ہے کہ پیا جاوے واسطے اوسکی

یعنی جس نیت سے پیوے حاصل ہو پس جو پیوے تو اوسکو حال یہہ کہ شفا چاہتا ہو

ساتھہ اوسکی شفا دے تجکو اللہ اور جو پیوے تو اوسکو حال یہہ کہ پناہ

چاہنے والا ہووے پناہ دے تجکو خدا اور جو پیوے تو اوسکو کہ بجہاوے تو

پیاس اپنی بجہاویگا خدا پیاس کو اور ہی ابن عباس جب پیتی پانی زمزم کا
کہتی اللّٰہم انی اسئلک علما نافعا ورزقا واسعا وشفاء
من کل داء ۱ اور جب کہ ائی پیشوا دلیل اسلام کی کہ نام اونکا
عبد اللہ ابن مبارک ہی زمزم کی کوئین پر اور جا پا اوس سی پانی پیا
متوجہ ہوی قبلہ کیطرف کہا یا اللہ مینی سنا ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ و
وسلم نی فرمایا کہ پانی زمزم کا واسطی اوس چیز کی ہے کہ پیا جاوی
واسطی اوسکی اور یہہ پانی پیتا ہون مین اوسکو واسطی پیاس بجہنی دن
قیامت کی ۱ اور جو ہووی سفر غزا کا یا ملی دشمن سے کہے
اللّٰہم انت عضدی ونصیری بک احول وبک اصول
وبک اقاتل ۱ اور جب ارادہ کرین لوگ دشمن کے
ملنی کا یعنی جنگ کا انتظار کری سردار یہان تک کہ ڈہلی آفتاب
پہر کہڑا ہووی امام یعنی خطبی کی لئی اور رغبت دلانی کی لئی لڑائی پر
پس کہی ای لوگون نہ آرزو کرو ملنی دشمن کی یعنی آرزو دشمن کی لڑائی کی
نہ کرو کہ یہہ بلا مانگنی ہی اور وہ منع ہی اور مانگو اللہ سی عافیت پس جب ملو تم
اوسنی پس صبر کرو یعنی اچانک جو لڑائی واقع ہو تو صبر کرو اور نہ بہاگو

یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسے علم نفع دینی والا اور رزق فراخ اور شفا ہر بیماری سی

یا اللہ توہی مدد گار میرا اور مددگار میرا ساتھ تیری حیلہ کرتا ہون مین اور ساتھ تیری حملہ کرتا ہون مین اور ساتھ تیری لڑتا ہون مین

ف ۱ یعنی مجکو اور اوروں کو وہ علم معرفت اور علم کتاب و سنت کا دی کہ باعمل ہوں ۱۲ ف ۲ بعض ظاہری ہو یا باطنی ۱۲ ف ۳ عبد اللہ ابن مبارک بڑی عابد زاہد محدث فقیہ بزرگ قدر شاگرد امام اعظم رحمہ اللہ کی ہین ۱۲ ف یعنی دشمنون کی مکر کی دفع کرنیکی ۱۲ ف یعنی دعا اور یہی طرح آگی آتی کی جو بیان ہا مطلب حصین مین دیکھ لے ۱۲

س لئی کہ یون چاہیی کہ اللہ تعالی سی بلا نہ مانگی اور جو نازل ہو تو صبر کری
ور جان لو کہ تحقیق بہشت بیچ سایہ تلوارونکی ہی ف اور پھر کہے
للّٰھم منزل الکتٰب ومجری السحاب وھازم الا
یا اللہ اوتارنیوالی کتاب کی اور چلانیوالی ابر کے اور شکست دینی والی کفار کے
حزاب اھزمھم وانصرنا علیھم اور ایک
گروہون کی شکست دی اونکو اور مدد دی ہمکو اونپر
روایت مین دعا یون آئی ہی اللّٰھم منزل الکتٰب سریع
یا اللہ اوتارنیوالی کتاب کی جلدی لینی والی
الحساب اھزم الاحزاب اللّٰھم اھزمھم وزلزلھم ۵
حساب کے شکست دی کفار کی گروہون کو یا اللہ شکست دی اونکو اور ہلا اونکو ف
اور جب آوی خرابیونکی شہر پر یعنی جسمی لڑائی کا ارادہ رکھتا ہے
کہی اللّٰہ اکبر خربت یعنی اللہ بہت بڑا ہی خراب ہووی یہہ شہر
یعنی نام لیوی اوس شہر کا کہ ارادہ رکھتا ہی اوسکا انا اذا نزلنا
تحقیق ہم جب اوترین
بساحۃ قوم فساء صباح المنذرین ۵ بن بار بڑے
بیچ میدان کسی قوم کی پس بری ہووے صبح ڈرائی گئیونکی ف
یہہ دعا ۵ اور جب ڈری کسی قوم سی کہی اللّٰھم انا نجعلک فی
یا اللہ تحقیق ہم کرتی ہین تجکو بیچ
نحورھم ونعوذبک من شرورھم ۵ پس اگر گھیر لی
مقابلہ اونکی کے اور پناہ پکڑتی ہین ہم ساتھ تیری برائیون اونکی سی ف
مسلمانونکو دشمن تو کہی اللّٰھم استر عوراتنا
یا اللہ ڈھانپ عیب ہماری
وامن روعاتنا ۵ پس جو پہنچی اسکو زخم کہے
اور امن مین کر دہشتین ہماری
بسم اللہ ف ۵ پس جب شکست پاوی دشمن برابر کری سردار لشکر کو

صفیں باندھ کر ہمیجی اپنی پیر سے کہے اللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کُلُّہٗ

لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَ وَلَا بَاسِطَ لِمَا قَبَضْتَ وَلَا ھَادِیَ

نہیں کوئی تنگ کرنیوالا اوس چیز کو کہ فراخی کی تو نے ف ۱ اور نہیں کوئی فراخ کرنیوالا اوسچیز کو کہ تنگ کی تو نے اور نہیں کوئی

لِمَنْ اَضْلَلْتَ وَلَا مُضِلَّ لِمَنْ ھَدَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا

دکہانیوالا اوس شخص کو کہ گمراہ کیا تو نے اور نہیں کوئی گمراہ کرنیوالا اوسکو کہ راہ دکہلائی تو نے اور نہیں کوئی روکنیوالا

مَنَعْتَ وَلَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَ

کہ منع کی تو نے ف ۲ اور نہیں کوئی منع کرنیوالا اوسکو کہ روزی دی تو نے اوسکو اور نہیں کوئی نزدیک کرنیوالا اوسکو کہ دور کیا تو نے

وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ اللّٰھُمَّ ابْسُطْ عَلَیْنَا مِنْ بَرَکَاتِکَ

ف ۳ اور نہیں کوئی دور کرنیوالا اوسکو کہ نزدیک کیا تو نے یا اللہ فراخ کر ہمپر برکتیں اپنی

وَرَحْمَتِکَ وَفَضْلِکَ وَرِزْقِکَ اللّٰھُمَّ اِنِّیْ

اور رحمت اپنی اور فضل اپنا اور رزق اپنا یا اللہ تحقیق میں

اَسْئَلُکَ النَّعِیْمَ الْمُقِیْمَ الَّذِیْ لَا یَحُوْلُ وَلَا یَزُوْلُ

مانگتا ہوں تجہی نعمت ہمیشہ رہنیوالی جو کہ نہ بگڑے اور نہ جاتی رہے ف ۴

اللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْاَمْنَ یَوْمَ الْخَوْفِ اللّٰھُمَّ

یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجہی امن بیچ دن خوف کے ف ۵ یا اللہ ہم

عَائِذٌ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا اَعْطَیْتَنَا وَمِنْ شَرِّ مَا مَنَعْتَنَا

پناہ پکڑتے ہیں ساتہ تیری برائی اوس چیز کی کہ دی تو نے ہمکو ف ۶ اور برائے اوس چیز کی کہ باز رکہی تو نے

اللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَا الْاِیْمَانَ وَزَیِّنْہُ فِیْ قُلُوْبِنَا

یا اللہ دوست کر طرف ہماری ایمان کو اور آراستہ کر ایمان ہمارے دلوں ہمارے کے

وَکَرِّہْ اِلَیْنَا الْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ وَاجْعَلْنَا

اور ناخوش کر طرف ہماری کفر اور فسق کو ف ۷ اور نافرمانی کو اور کر ہمکو

مِنَ الرَّاشِدِیْنَ اللّٰھُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ وَاَلْحِقْنَا

راہ پانیوالوں میں سے یا اللہ مار ہمکو مسلمان اور ملا ہمکو ساتہ اچہے

بِالصّٰلِحِیْنَ غَیْرَ خَزَایَا وَلَا مَفْتُوْنِیْنَ اللّٰھُمَّ قَاتِلِ الْکَفَرَۃَ الَّذِیْنَ

نیک کاروں کی ف ۸ درحالیکہ نخوار ہوویں ہم اور نہ فتنہ زدہ یا اللہ مار کافروں کو جو کہ

یُکَذِّبُوْنَ رُسُلَکَ وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِکَ وَاجْعَلْ

جہٹلاتے ہیں تیری رسولوں کو اور روکتے ہیں لوگوں کو راہ تیری سے ف ۹ اور کر

عَلَیْھِمْ رِجْزَکَ وَعَذَابَکَ اِلٰہَ الْحَقِّ اٰمِیْنَ

اور ہر عذاب ابد ادنی والا اپنا اور عذاب اپنا ای معبود برحق قبول کر

ف ۱ یعنی تیری عطا کو کوئی نہیں روک سکتا ۱۲

ف ۲ یعنی امید ہدایت ۱۲

ف ۳ یعنی نعمت جنت کی ۱۲

ف ۴ یعنی دن قیامت کے ۱۲

ف ۵ یعنی مال وغیرہ باعث تکبر کا نہو ۱۲

ف ۶ یعنی ... ۱۲

ف ۷ ... ۱۲

ف ۸ ... ۱۲

ف ۹ ... ۱۲

اور سکہاوی اسکو کہ اسلام لاوی یہہ دعاء اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ ٭ پس جب پہری سفر اپنی سی تکبیر کہی اوپر ہر بلندی زمین کی تین تکبیرین پہر کہے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ سَائِحُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰہُ وَعْدَہٗ وَنَصَرَ عَبْدَہٗ وَھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہٗ ٭ پس جب آوی نزدیک شہر اپنی کی کہی اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ اور ہمیشہ کہتا رہی ان کلمات کو یہان تک کہ داخل ہو شہر اپنی مین ٭ اور جب داخل ہو اپنی اہل پر کہی تَوْبًا تَوْبًا لِرَبِّنَا اَوْبًا لَا یُغَادِرُ عَلَیْنَا حَوْبًا ٭ اور بعض روایت مین یہہ الفاظ آئی ہین اَوْبًا اَوْبًا لِرَبِّنَا تَوْبًا لَا یُغَادِرُ عَلَیْنَا حَوْبًا اور جسپر اوتری غم یا سختی یا کوئی کام دشوار پس چاہئی کہ کہے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

(زیرنویس ترجمہ:) یا اللہ بخش مجکو اور مہربانی کر مجپر اور راہ دکہا مجکو اور رزق دی مجکو ٭ نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہین کوئی شریک اوسکا اوسیکی لیی بادشاہت ہی اور اوسیکی لیی سب تعریف ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی ٭ ہم پہرنیوالی ہین توبہ کرنیوالی ہین عبادت کرنیوالی ہین سجدہ کرنیوالی ہین چلنے والی ہین واسطی رب اپنی کی تعریف کرنیوالی ہین ٭ سچ کیا اللہ نے وعدہ اپنا اور مدد کی بندی اپنی کی اور شکست دی کفار کے گروہون کو اکیلے ٭ ہم پہرنیوالی ہین توبہ کرنیوالی ہین بندگی کرنیوالی ہین واسطی رب اپنی کی تعریف کرنیوالی ہین ٭ توبہ کرتا ہون توبہ واسطی رب اپنی کی درحالیکہ پہرنیوالا ہون سفر سے ایسی توبہ کہ نہ چہوڑے ہمپر کوئی گناہ ٭ نہین کوئی معبود مگر اللہ بزرگ بردبار نہین کوئی معبود مگر اللہ

(حاشیہ:) بیان تعلیم نومسلم ٥ — بیان پہرنا سفرسی ٥ — فا یعنی جہاد وغیرہ کی لڑائی ۱۲ — فا یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲ — بیان دعا وقت نزول غم — بیان دفع غم ٥

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ط اور بعض روایت میں یوں آئی ہیں یہ الفاظ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ط اور بعض روایت میں یوں ہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْعَظِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ پھر دعا کرے جو چاہے ط اور بعض روایت میں یوں ہی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط اور بعض میں یوں ہی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ عِبَادِكَ ط اور بعض روایت میں یہ ہے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۵ اور بعض مین یون ہے
کافی ہی ہمکو اللہ اور اچھا کارساز ہی

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۵ ف کتاب انیس المنقطعین مین روایت
کافی ہی مجکو اللہ اور اچھا کارساز ہے

کی ہے عبد اللہ بن بریدہ نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے
کہ جو کوئی پڑہی دس کلمی پیچہی نماز صبح کی پائیگا اللہ تعالی کو نزدیک
اونکی کفایت کرنیوالا اونمین سی پانچ تو دنیا کی لئی ہین اور پانچ
آخرت کی لئے حَسْبِيَ اللّٰهُ لِدِيْنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَا اَهَمَّنِيْ
کافی ہی مجکو اللہ میری دین کی لئے کافی ہی مجکو اللہ اوسکی لئی کہ فکر مین ڈالا

حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰى عَلَيَّ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ
کافی ہی مجکو اللہ اوسکی لئی کہ سرکشی کی مجپر کافی ہی مجکو اللہ اوسکی لئی کہ حسد کیا مجپر کافی ہی اللہ مجکو

لِمَنْ كَادَنِيْ بِسُوْءٍ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ
اوسکی لئی کہ مکر کیا مجسے برا کافی ہی مجکو اللہ وقت موت کے

حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْأَلَةِ فِي الْقَبْرِ حَسْبِيَ اللّٰهُ
کافی ہی مجکو اللہ وقت سوال ہونیکی قبر مین کافی ہی مجکو اللہ

عِنْدَ الْمِيْزَانِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الصِّرَاطِ حَسْبِيَ
وقت تلنی اعمال کے کافی ہی مجکو اللہ وقت گذرنیکی پل صراط پر کافی ہی مجکو اللہ

اللّٰهُ عِنْدَ الْحَوْضِ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ
وقت حاضر ہونی کی حوض کوثر پر کافی ہے مجکو اللہ نہین ہی کوئی معبود مگر وہ اوسپر

تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ۵ فجر اور بعض روایت مین
بہروسا کیا مینی اور پھرتا اوسکی رجوع کرتا ہون

دفع غم وغیرہ کی لئی پڑہنا ان کلمات کا آیا ہے اَللّٰهُ اَللّٰهُ
رَبِّيْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا ۵ اور بعض روایت مین یون پڑہنا آیا ہے
اللہ اللہ رب میرا ہی نہین شریک کرتا ہون مین ساتھہ اوسکی کسی چیز کو

تین بار اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا ۵ اور بعض مین یون ہی
اللہ رب میرا ہی نہین شریک کرتا مین ساتھہ اوسکی کسی چیز کو

اللّٰهُ اللّٰهُ رَبِّی لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا اَللّٰهُ اللّٰهُ رَبِّی لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا ۞ اور بعض مین یہہ دعا آئی ہی تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ وَلِيٌّ مِنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۞ اور بعض مین یہہ دعا آئی ہے اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِي اِلٰى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ وَاَصْلِحْ لِي شَاْنِي كُلَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ۞ اور بعض مین یہہ دعا آئی ہے يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ۞ اور بار بار کہی يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ سجدہ مین کہ وہ سجدہ مین ہو ۞ اور بعض مین پڑھنا اس آیۃ کریمہ کا آیا ہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۞ نہ دعا کی ساتھ اس آیۃ کے کسی آدمی مسلمان نی بیچ کسی چیز کے یعنی حاجت روائی اور دفع بلیات کی مگر کہ قبول کی خدا تعالےٰ نی دعا اوسکی ۞ ف مولینا عبد العزیز علیہ الرحمۃ نی بیچ تفسیر سورہ نون کی تحت آیۃ لو لا

اِنْ تَدَارَکَہٗ نِعْمَۃٌ مِّنْ رَّبِّہٖ الخ کی لکھا ہی کہ مشائخ معتبر سے منقول ہی کہ ہر غم واندوہ کی دفع کی لئی پڑہنا اس آیہ کا تریاق مجرب ہے اور طریق اوسکی پڑہنی کی دو ہین ایک تو یہہ کہ سوالاکھہ بار بہیئت اجتماعی ایک مجلس مین پڑہی جاوی دوسری یہہ کہ ایک شخص تن تنہا اس آیہ کو تین سو بار بعد از نماز عشار کی تاریک مکانمین بیٹہہ کر ساتہہ شرائط طہارت اور استقبال قبلہ کی پڑہی اور پیالہ پانی کا بہر کر اپنی پاس رکھہ لیوی اور لمحہ اوس پانی مین ہاتہہ اپنا ڈالکر اپنی مُنہ اور بدن پر ملتا رہی تین روز یا سات روز یا چالیس روز تک اسی ترتیب سے پڑہا کری اور بستان ابو اللیث مین نقل کیا ہے حضرت امام جعفر صادق سی کہ کہا اوہنون نی تعجب کرتا ہونمین اوس شخص سے کہ مبتلا ہوساتہہ چار چیزون کی پس کیونکر غافل ہوتا ہی چار چیزون سی تعجب کرتا ہون ایک تو اوس سی کہ مبتلا ہو غم مین پس کیون نہین کہتا ہی لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اسلئے کہ اللہ تعالی اپنی کتاب پاک مین فرماتا ہی فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۵ اور تعجب

یعنی یونس نے یہ آیہ پڑہی پس قبول کی ہمنی دعا اوسکی اور بچا دیا ہمنی اوسکو غم سی اور اسیطرح بچا دیتی ہین ہم مومنون کو

[حاشیہ:] یعنی تعجب ہے اور دو چار ... [illegible]

کرتا ہون اوس سی کہ ڈرتا ہو کسی چیز سے کیون نہین کہتا حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيل کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی وَقَالُوا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ فَانْقَلَبُوا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْءٌ اور تعجب کرتا ہون اوس سی کہ ڈرتا ہو لوگون کی مکر سی کیون نہین کہتا وَاُفَوِّضُ اَمْرِي اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی وَاُفَوِّضُ اَمْرِي اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ فَوَقٰهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا اور تعجب کرتا ہون اوس سی کہ رغبت کرتا ہی جنت مین کیون نہین کہتا مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہے وَلَوْلَا اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا فَعَسٰى رَبِّيْ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ اور نہین کسی بندی کو پہنچی ہی اوسکو فکر یا غم اگلی کی دعا مگر کہ لیجاتا خدا تعالی غم اوسکا اور بدل دیتا ہی جگہہ اوسکی غم کی خوشی کو اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ اَسْاَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِيْ كِتَابِكَ اَوْ

(interlinear gloss) اور دیکھنی والا ہے بندون کی حال کو پس بچایا اوسکو اللہ تعالی نی برائی سی کہ مکر کیے تھی — یعنی ایک مومن نی کہا کافر کو کیون نہین کہا جب آیا باغ مین کہا جو چاہی اللہ ہو نہین قوت مگر ساتھ اللہ کی اگر تو دیکھتا ہی مجھکو کہ مین کم ہون تجھی مال اور اولاد مین تو امید ہی کہ رب میرا دیوی مجھکو بہتر باغ تیری سی — یا اللہ تحقیق مین بندا تیرا ہون اور بیٹا تیری بندی کا اور بیٹا تیری لونڈی کا پیشانی میری تیری ہاتھ مین ہی جاری ہی مجھ مین حکم تیرا انصاف ہی بیچ میری امر مین تقدیر تیری مانگتا ہون تجھسے ساتھ ہر نام کی کہ وہ تیرا ہی رکھا تو نی ساتھ اوسکی ذات اپنی کا یا اوتارا تو نی اوسکو اپنی کتاب مین یا

(margin) یعنی اور کہا صحابہ نی کہ لوگون نی ... اللہ اور اچھا ہی کارساز پس پھری ساتھ نعمت کی خدا کی طرف سے اور ساتھ فضل کی یعنی سلامتی اور فائدہ تجارت کی اور نہ پہنچی ان کو برائی یعنی زخم وغیرہ

علمته احدا من خلقك او استاثرت به فی علم الغیب

یا بتایا تو اوسکو کسیکو خلق اپنی سی ف یا اختیار کیا تونی اوسکو بیچ علم غیب کے

عندك ان تجعل القرآن العظیم ربیع قلبی

نزدیک اپنی ف یہہ کہ کر تو قران بزرگ کو بہار دل میرے کے

ونور بصری وجلاء حزنی وذهاب همی ؀

اور روشنی آنکھوں میری کی اور دور کرنیوالا غم میرا کا اور لیجانیوالا فکر میرا کا

جو کوئی کہی لاحول ولا قوة الا بالله ہوتا ہی یہہ کلمہ دوا

نہیں ہی بچنا گناہوں سی اور نہ قوت عبادت پر مگر ساتھہ مدد اللہ کے

ننانوین بیماریوں سی کہ ادنی اونمیں سی غم ہے ف ۳ ؀ جو کوئی لازم کری استغفار اور بعض روایت میں ہی جو کوئی بہت بڑے استغفار یعنی مداومت کری اوسکی کرتا ہی اللہ تعالی اوسکی لئی ہر تنگی سی نکلنا اور ہر غمسی رہائی یعنی بسبب کثرت استغفار کی غمسی رہائی دیکر جتی کو پہنچاتا ہی اور رزق پہنچاتا ہی اسکو اوس جگہہ سی کہ نہیں گمان رکھتا ہی ؀ اور پہلی گدڑی یعنی اذان کی دعاؤں مین وہ چیز کہ کہی وہ شخص کہ اوترا ہے اوسپر غم یا سختی نزدیک سنّی اوسکیکی اذان موذن کو ؀ اور جو توقع رکہی کوئی کسی بلا کی یا کسی کام دہشتناک کی یا پڑی کسی بڑی کام مین کہے

حسبنا الله ونعم الوکیل علی الله توکلنا ؀

کافی ہی ہمکو اللہ اور اچھا ہی کارساز الّذی پر بہروسا کیا ہمنی

اور جو پہنچی کسیکو مصیبت بس چاہئی کہ کہی انا لله وانا الیه

بلا شبہ ہم ملک ہین اللہ کے اور بلا شبہ ہم طرف اوسکی

راجعون اللهم عندك احتسب مصیبتی فاجرنی

پہرنیوالی ہین یا اللہ تیری پاس سی مانگتا ہوں ثواب مصیبت اپنی کا پس ثواب دی مجکو

فِيْهَا وَابْدِلْنِي مِنْهَا خَيْرًا ؕ اور بعض روایت میں یہہ دعا ریون

اوسمین اور بدلہ دے مجکو اوس سے بہتر

آئی ہے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ اْجُرْنِيْ

بلاشبہ ہم ملک ہین اللہ کے اور بلاشبہ ہم طرف اوسکی پہر نیوالی ہین یا اللہ ثواب دے مجکو

فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَاَخْلِفْ لِيْ خَيْرًا مِّنْهَا ؕ

بیچ مصیبت میری کے اور عوض دے مجکو بہتر اوس سے

اور جب ڈری کسی سی یعنی کسی ظالم کا ڈر رکھتا ہو کہی اَللّٰهُمَّ اكْفِنَاهُ

یا اللہ کفایت کر ہمکو اوس سے

بِمَا شِئْتَ ؕ اور روایت مین یہہ دعا پڑھنی آئی ہے اَللّٰهُمَّ

ساتھ جس طرح کی کہ چاہی تو یا اللہ

اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ وَنَدْرَاُ بِكَ

بلاشبہ ہم پناہ پکڑتی ہین ساتھ تیری برائیون دشمنون کیسی اور دفع کرتی ہین ہم شر اونکی ساتھ مدد تیری کی

فِيْ نُحُوْرِهِمْ ؕ اور بعض روایت مین یہہ آئی ہے

حال یہہ کہ کرتی ہین ہم تجکو مقابلہ اونکیمین

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ

یا اللہ بلاشبہ مین کرتا ہون تجکو مقابلہ اونکیمین اور پناہ مانگتا ہون ساتھ تیرے

شُرُوْرِهِمْ ؕ اور جو ڈری بادشاہ سی یا کسی ظالم سی پس کہی یہ

برائیون اونکیسے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَعَزُّ مِنْ خَلْقِهٖ جَمِيْعًا اَللّٰهُ

اللہ بہت بڑا ہی اللہ بہت غالب ہی اپنی سب خلق سی اللہ

اَعَزُّ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الَّذِيْ

غالب تر ہی اوس چیز سی کہ ڈرتا ہون مین اور پرہیز کرتا ہون مین پناہ پکڑتا ہون ساتھ اللہ کے جو کہ

لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمُمْسِكُ السَّمَاءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى

نہین کوئی معبود مگر وہ جو تہامنی والا ہی آسمان کو اوس سی کہ گر پڑے

الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ مِنْ شَرِّ عَبْدِكَ فُلَانٍ

زمین پر مگر ساتھ حکم اوسکیکے برائی بندی تیرکیسے کہ فلانا ہے

وَجُنُوْدِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

اور برائی لشکر اوسکیسے اور تابعداروں اوسکیسے اور گروہون اوسکیسے کہ جن کسی ہون اور انسان

اَللّٰهُمَّ كُنْ لِيْ جَارًا مِّنْ شَرِّهِمْ جَلَّ ثَنَاؤُكَ وَعَزَّ جَارُكَ

یا اللہ ہو میرا نگہبان برائی اونکی سی بڑی ہی تعریف تیری اور غالب ہی

وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ ۝ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ
اور نہین کوئی معبود سوا تیرے راضی ہوا مین ساتھ اللہ کے از روی رب ہونیکی اور ساتھ اسلام کی
دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا وَّبِالْقُرْاٰنِ حَكَمًا وَّاِمَامًا ۝ ف
از روی دین ہونیکی اور ساتھ محمد از روی نبی ہونیکے اور ساتھ قرآن کے از روی حاکم ہونیکی اور امام ہونیکے

تفسیر در منثور مین ہی کہ عوف بن مالک اشجعی کی بیٹی کو مشرکون نے قید کیا اور باندھا اور بہوکا رکہا پس لکہا اونہون نی اپنی باپ کو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس حاضر ہوکر حال میری تنگی اور سختی کا عرض کر پس جب اونہون نی عرض کیا حضرت سی تو فرمایا کہ لکہہ اور حکم کر اوسکو ساتھ تقوی اور توکل کی اللہ تعالی پر اور یہہ کہ پڑہی صبح و شام لَقَدْ جَآءَكُمْ
البتہ تحقیق آیا تمہارے
رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ
پاس رسول یعنی محمد تم مین سی دشوار ہی اوسپر مشقت تمہارے حرص رکہنا ہی
عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ
تمہاری بہلائی پر مومنون پر نہایت مہربان بہلائی اونکی چاہنی والا ہی پس اگر موہنہ پہیرین کافر پس کہہ
حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ
کہ کافی ہی مجکو اللہ نہین کوئی معبود مگر وہ اوسپر بہروسا کیا مینی اور وہ رب ہے
الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ پس جب یہہ خط اونکو گیا اور یہہ آیۃ پڑہی
عرش بزرگ کا
تو قید سی رہائی دی اللہ تعالی نی اونکو پہر اونکی جنگل مین جا کر اونٹ اور بکریان اونکی ہانک لائی اور حضرت سی پوچہا کہ یہہ حلال ہین یا حرام فرمایا حلال ہین پس اوتاری اللہ تعالی نی آیۃ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ آخر آیۃ تک اور کہا ابن عباس نی کہ جو کوئی یہہ آیۃ

برمہ ہے نزدیک بادشاہ کی کہ خوف رکہتاہی اوسکی ظلم کا یا وقت
اوٹہنی موج کی کہ خوف رکہتاہے غرق کا یا نزدیک درندی جانورکے
تو نہین ضرر کرینگی اوسکو کوئی چیز انمین سی اور ایک روایت مین ایاہے
کہ عوف بن مالک نی حال اپنی بیٹی کی قید ہونیکا آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم سے عرض کیا اور عرض کیا کہ ماں اوسکی بیقرار ہی کیا حکم فرماتی ہو
مجکو فرمایا کہ حکم کرتا ہون تجکو اور اوسکی ماں کو کہ بہت پڑہو لاحول ولاقوۃ
الا باللہ پس کہا اوسکی بی بی نی کہ خوب فرمایا اور دونون نی اسکی
پڑہنی کی کثرت کی پس غافل ہوی دشمن اور ہانک لایا یہہ ریوڑ اونکا
پس اوتری آیۃ وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ آخر تلک انتہی اور حیٰوۃ الحیوان مین لکہاہے
کہ جو کوئی اپنی قتل کا یا عذاب وغیرہ کا ڈر رکہتا ہو تو ایک بکرا یا مینڈہا
فربہ قابل قربانی کی لاکر ایک مکان خالی مین قبلہ رخ کرکر ذبح کری
اور وقت ذبح کی پڑہی اَللّٰهُمَّ هٰذَا لَكَ فِدَائِيْ فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ
(یا اللہ — یہہ بیرا بدلہ میرا ہے — پس قبول کر مجسی)
اور ایک گڑہ کہودی کہ خون اوسمین جمع ہو پہر خون کو خاک سی بند کری
کہ پانو کی نیچی نہ آوی اور اوس جانور کی ساتہہ ٹکڑی کرکر فقیرون
مسکینون کو دی اور آپ نکہاوی اور نہ وہ لوگ کہاوین کہ جنکا نفقہ

اسپر واجب ہی یعنی ہو ہی بچی بس انشاء اللہ تعالے جس بلا سی کہ

ڈرتا ہی دفع ہو جائیگی اور وہ جانور بدلہ اوسکا ہو جائیگا یہہ مجرب ہے ۱۲

فتح المبین ۞ اور جو ڈری کسی شیطان سی یعنی خواہ شیطان جن ہو یا انس

یا سوا اوسکی سی یعنی حیوانات موذیات سی پس چاہیی کہ کہی اَعُوْذُ بِوَجْہِ

اللّٰہِ الْکَرِیْمِ وَبِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا

یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِّنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاءَ

وَبَرَاءَ وَمِنْ شَرِّ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمِنْ شَرِّ

مَا یَعْرُجُ فِیْھَا وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَاءَ فِی الْاَرْضِ وَمِنْ

شَرِّ مَا یَخْرُجُ مِنْھَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَمِنْ

شَرِّ کُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقًا یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ یَّا رَحْمٰنُ ۞

اور جسوقت کہ ظاہر ہو وین جیلاوی پکار کر کہی اذان اور بعض روایت

مین ہی کہ پکار کر پڑہی آیۃ الکرسی ۞ اور جو کوئی ڈری یعنی سوتی جاگتی

کسی چیز سی پس کہے اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ

غَضَبِہٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ

وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ ۞ اور جسپر غالب آوی کوئی کام یعنی ایسا کام کہ

علاج اوسکا نہین جانتا ہی بس چاہیی کہ کہی حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ
اور جو شخص کہ واقع ہووی اسکو وہ چیز کہ ناخوش رکھتا ہی اوسکو بس
کہی لَوْ اَنِّیْ فَعَلْتُ کَذَا وَکَذَا یعنی کاشکی تحقیق مین کرتا ایسا اور ایسا
تو ہوتی یہہ بات ولیکن کہی بِقَدَرِ اللّٰہِ وَمَا شَاءَ فَعَلَ یعنی خدا
تقدیر سی واقع ہوا یہہ امر اور جو کچھہ چاہا خدا نی کیا اور جو دشوار ہووی
کوئی کام کہی اَللّٰھُمَّ لَا سَھْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَہٗ سَھْلًا
وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحُزْنَ سَھْلًا اِذَا شِئْتَ
اور جسکو ہووی حاجت طرف خدا کی یا طرف کسی کی بنی آدم مین سی
بس چاہیی کہ وضو کری اور اچھا کری وضو اپنا یعنی بطور مسنون اور بچی
منہیات کی پہر پڑہی دو رکعت نماز کی پہر تعریف کری خدا پر اور درود
بہیجی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اور پڑہی یہہ دعا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ
وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِکَ وَالْغَنِیْمَۃَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَالْعِصْمَۃَ
مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَالسَّلَامَۃَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا

لا غفرتہ ولا ہمّا الا فرّجتہ ولا حاجۃ ہی لک رضی

مگر کہ بخشی تو اوسکو اور نہ چہوڑ کوئی فکر مگر کہ دور کر تو اوسکو اور نہ چہوڑ کوئی حاجت کہ وہ پسندیدہ تیرے ہو

قضیتہا یا ارحم الراحمین ۞ اور جسکو ہووی کوئی ضرورۃ

مگر کہ روا کر تو اوسکو اے بہت مہربان مہربانون سے

نی حاجت اللہ تعالی کیطرف یا کسی آدمی کیطرف پس وضو کری اور اچہا

کری وضو اپنا اور پڑہی دو رکعتین پہر دعا کری یہہ اللّٰہمّ انّی اسألک

یا اللہ بیشک مین مانگتا ہون تجہ

اتوجّہ الیک بنبیّک محمّد نبیّ الرّحمۃ یا محمّد انّی اتوجّہ

اور متوجہ ہوتا ہون طرف تیرے بوسیلہ نبی تیرے کی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبی رحمت ہین ای حضرت محمد بیشک مین متوجہ

بک الی ربّی فی حاجتی

بوسیلہ تیرے کے طرف پروردگار اپنے کے بیچ اوس حاجت اپنی کے ف

ہذہ لتقضی لی اللّٰہمّ فشفّعہ فیّ ۞

تو کہ روا کیجاوے حاجت میرے لئی یا اللہ پس شفاعت قبول کر اوسکی میرے حق مین

ف حدیث شریف مین آیا ہی کہ ایک اندہی نی انحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کی پاس حاضر ہوکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ دعا کرو اللہ تعالی سی کہ
مجکو عافیت دی اس مرض سی انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ اگر
چاہی تو تو دعا کرون مین اور چاہی تو صبر کر کہ یہہ بہتر ہی تیری لئی اوسنی
عرض کیا دعا ہی کیجئی پس اوسکو وضو کی لئی حکم فرمایا اور فرمایا کہ یہہ دعا
پڑہی پس اوسنی یہی پڑہی اور اچہا ہوگیا کذا فی المشکوۃ اور جامع صغیر
مین جابر رضہ سے روایت ہی کہ اگر ساتہہ اس دعا کی دعا مانگی جاوی
کسی چیز کی لئی درمیان مشرق و مغرب کے بیچ ایک ساعت جمعہ کی تو البتہ قبول

کیجاوے دعا مانگنی ویسکی کہ وہ یہہ ہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا حَنَّانُ
یَا مَنَّانُ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اور روایت ہی حضرت
علی رضؓ سی کہ فرمایا جب ارادہ کری کوئی تم مین سی کسی حاجت کا تو
چاہیی کہ پنجشنبہ کی صبح کو اوسکی طلب مین جاوی کیونکہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نی فرمایاہی یا اللہ برکت دی میری امت کی لئی بیچ صبح
اونکیکی دن پنجشنبہ کی اور چاہیی کہ پڑہی جب نکلی اپنی مکانسی آخر سورۂ
آل عمران کا یعنی اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ سی آخر تک اور اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ
فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ اور سورہ فاتحہ پس تحقیق بیچ انکی حاجت روائیان دنیا
اور آخرت کی ہین ۱۲ درمنثور ۱۲ اور جو کوئی چاہی یاد کرنا قرآن کا پس
جب ہووی رات جمعہ کی پس اگر کرسکی یہہ کہ اوٹہی بیچ تہائی رات اخیر کی
پس چاہیی کہ اوٹہی اسلئی کہ تحقیق وہ ساعت ایسی ساعت ہی کہ حاضر ہوتی
ہین اوسمین فرشتی اور دعا اوسمین قبول کیجاتی ہی پس جو نہ کرسکے
یعنی اوسوقت نہ اوٹہہ سکی پس اوٹہی آدہی رات مین پس جو یہہ ہی
نکرسکی تو اوٹہی اول رات مین پس پڑہی چار رکعتین پڑہی پہلی رکعت
مین الحمد اور سورۂ یس اور دوسری مین الحمد اور سورۂ حم الدخان اور

تیسری مین الحمد اور الم تنزیل کہ مراد سورہ سجدہ ہی اور چوتھی مین الحمد
اور تبارک الذی پس جب فراغت پاوی التحیات کی پڑہنی سے
یعنی جب سلام پھیر چکی پس چاہیئی کہ تعریف کری اور خوب تعریف کری اللہ کے
اور درود بھیجی حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اور اچھی طرح بھیجی اور درود
بھیجی سب پیغمبروں پر اور بخشش مانگی واسطی بھائیون اپنی کی جو سبقت لیگئی
ہین ایمان مین پہر کہی اوسکی آخر مین اللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْکِ الْمَعَاصِیْ
اَبَدًا مَّا اَبْقَیْتَنِیْ وَارْحَمْنِیْ اَنْ اَتَکَلَّفَ مَا لَا یَعْنِیْنِیْ وَارْزُقْنِیْ
حُسْنَ النَّظَرِ فِیْمَا یُرْضِیْکَ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَالْعِزَّۃِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ
اَسْاَلُکَ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِکَ وَنُوْرِ وَجْھِکَ
اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِیْ حِفْظَ کِتَابِکَ کَمَا عَلَّمْتَنِیْ وَارْزُقْنِیْ
اَنْ اَتْلُوَہٗ عَلَی النَّحْوِ الَّذِیْ یُرْضِیْکَ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَالْعِزَّۃِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ
اَسْاَلُکَ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِکَ وَنُوْرِ وَجْھِکَ
اَنْ تُنَوِّرَ بِکِتَابِکَ بَصَرِیْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِہٖ لِسَانِیْ

وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِيْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِيْ
وَاَنْ تَغْسِلَ بِهٖ بَدَنِيْ فَاِنَّهٗ لَا يُعِيْنُنِيْ عَلَى الْحَقِّ
غَيْرُكَ وَلَا يُؤْتِيْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ کری اس عملکو تین جمعہ یا پانچ

یا سات جمعہ قبول کیا جاویگا ساتھ حکم اللہ کی فرمایا آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نی کہ قسم ہی اوس ذات کی کہ بھیجا مجکو ساتھ حق کی نہین خطا کرتی قبولیت
اس عمل کی مومن کو کبھی یعنی یہہ دعا مسلمان سی قبول ہی ہوتی ہی ۱۲ اور جب
چوک کر گناہ کری کوئی یا جان کر کری پس چاہی توبہ کری طرف خدا کی پس
چاہیی کہ آوی یعنی شروع کری جسطرح تفصیل بیان ہوتی ہی پس پھیلاوی
ہاتھہ اپنی طرف خدا غالب و بزرگ کی پھر کہی اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتُوْبُ اِلَيْكَ
مِنْهَا لَا اَرْجِعُ اِلَيْهَا اَبَدًا پس تحقیق بخشا جاتا ہی گناہ اوسکا
جب تک کہ نہ پھری بیچ اوس کام اپنی کی یعنی جس سی توبہ کی ہی پس اگر
پھر وہی گناہ کیا اوسکی لئی جدی توبہ چاہئی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی
نہین کوئی آدمی کہ کری کوئی گناہ پھر اوٹھی یعنی ارادہ توبہ کا کری پس طہارت
کری یعنی غسل یا وضو کری پھر پڑہی دو رکعتین پھر بخشش چاہی خدا تعالی سی

بیچ نجاست لگ ہوئی کی سبب عمل کرنیکی اور بیمار ۱۲

ظفر جلیل بین لکہی حدیث یہہ عمل سلف کی منقول ہی مختصر علیہم سی جو چاہی دیکھ لی ۱۲

بیان توبہ کرنیکا

سی واسطی اوس گناہ کی مگر کہ بخشش کیجاتی ہی اوسکی لئے اور آیا ایک شخص
پاس حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پس کہا افسوس گناہ میریکو افسوس گناہ
میری کو پس فرمایا حضرت نی کہہ اللّٰھُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَرَحْمَتُكَ
اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ پس کہا اوسنی ان کلمات کو پھر فرمایا حضرت نی پھر کہہ اسکو
پس پھر کہا اوسنی پھر فرمایا حضرت نی پھر کہہ اسکو پس پھر کہا پس فرمایا حضرت نے
کھڑا ہوجا پس تحقیق بخشا اللہ تعالی نی گناہ تیرا لئے تحقیق اللہ تعالی پھیلاتاہی ہاتھ
رحمت اپنی کارات کو تاکہ توبہ کری گنہگار دنکا اور پھیلاتاہی ہاتھ اپنا دنکو
تاکہ توبہ کری گنہگار رات کا یہاں تلک کہ نکلیگا آفتاب مغرب اپنی سی یعنی
جب دروازی توبہ کی بند ہوجاوینگی اور توبہ کچھہ نفع نہین دینی کی لئے اور آیا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس ایک شخص اور عرض کیا کہ ای رسول
اللہ کے ایک ہم مین سی گناہ کرتاہی یعنی پس حال اوسکا کیاہی فرمایا کہ
لکھا جاتاہے اوسپر عرض کیا اوسنی پھر بخشش چاہتاہی اوس گناہ سی اور
توبہ کرتاہی یعنی اگر بعد گناہ کی توبہ کری تو کیا حال ہی فرمایا بخشا جاتاہے
گناہ اوسکا اور توبہ مقبول ہوتی ہی اوسکی عرض کیا کہ پھر ارادہ کرتاہی
گناہ کا پس گناہ کرتاہی یعنی اسصورت مین کیا لازم آتاہی فرمایا لکھا جاتاہے

اوسپر عرض کیا کہ پہر بخشش مانگتا ہی اوسسی اور توبہ کرتا ہی فرمایا کہ بخشا جاتا ہی گناہ اوسکا اور توبہ مقبول ہوتی ہی اوسکی اونہین ملول ہوتا ہے خدا بخشش کرنی سی یہان تلک کہ ملول ہو تم بخشش چاہنی سی ۱۲ اور جب نہ برسائی جاوین لوگ مینہہ پس چاہیئی کہ بیٹھین دو زانو پہر کہین یارب یارب ۱۲ اور دعاء استسقاء یعنی مینہہ مانگنی کی یہہ ہی اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا ۱۲ بعض روایت مین اسکا پڑہنا آیا ہی اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا ۱۲ اور اگر ہووی دعاء کرنیوالا بادشاہ یا نائب اسکا یعنی قاضی وغیرہ نکلی جنگل کو جبکہ نکلی کنارہ آفتاب کا پس بیٹھی منبر پر پس اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہی اور تعریف کری اللہ غالب و بزرگ کی پہر کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ یَفْعَلُ مَا یُرِیْدُ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِیُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ اَنْزِلْ عَلَیْنَا الْغَیْثَ وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ عَلَیْنَا قُوَّۃً وَّبَلَاغًا اِلٰی حِیْنٍ پہر اوٹہاوی ہاتھ اپنی یہان تلک کہ ظاہر ہووی سفیدی بغلون

اوسکی سی یعنی بہت بلند کری پہر پہیری طرف آدمیون کی پیٹہ اپنی یعنی رو بقبلہ دعا کی لئی ہووی اور اولٹی چادر اپنی سحابیون کو اوٹہائی ہوی ہوہاتہہ اپنی پہر موہنہ کری طرف آدمیون کی اور اوتری منبر سی پس پڑہی دو رکعت ف بعض روایت مین پڑہنا اس دعا کا بہی آیاہی اللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيثًا مَرِيًّا مَرِيعًا نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ عَاجِلًا غَيْرَ آجِلٍ ف اور بعض روایت مین یہہ دعا آئی ہی اللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَبَهَائِمَكَ وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَأَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ ف اور بعض مین یہہ دعا ہی آئی ہی اللّٰهُمَّ أَنْزِلْ عَلَى أَرْضِنَا زِينَتَهَا وَسَكَنَهَا ف اور بعض مین یہہ دعا آئی ہی اللّٰهُمَّ ضَاحَتْ جِبَالُنَا وَاغْبَرَّتْ أَرْضُنَا وَهَامَتْ دَوَابُّنَا مُعْطِيَ الْخَيْرَاتِ مِنْ أَمَاكِنِهَا وَمُنْزِلَ الرَّحْمَةِ مِنْ مَعَادِنِهَا وَمُجْرِيَ الْبَرَكَاتِ عَلَى أَهْلِهَا بِالْغَيْثِ الْمُغِيثِ أَنْتَ الْمُسْتَغْفَرُ الْغَفَّارُ فَنَسْتَغْفِرُكَ لِلْجَامَّاتِ مِنْ ذُنُوبِنَا وَنَتُوبُ إِلَيْكَ مِنْ عَوَامِّ خَطَايَانَا اللّٰهُمَّ فَأَرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْنَا مِدْرَارًا وَاَوْصِلْ بِالْغَيْثِ وَاكِفًا مِنْ

تحت عرشك حيث ينفعنا و يغود علينا ؎

عرش اپنی کی اوس جگہہ کہ نفع دی ہمکو اور پہرے ہمپر

اور بعض میں یہہ ہی غيثا عاما طبقا غبقا مجللا غدقا

برسا مینہ عام ... عام ساتہہ کثرت کی بوہ ارزمین دہنی والا ڈہانکنی والا بہت

خصبا رائعا ممرع النبات ؎ اور مینہ مانگا حضرت

ارزانی والا بہت اگانیوالا گہاس ... اگانیوالا سبزہ گاس

عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے زیادہ کیا استغفار پڑہنا ؎ اور جب دیکہی ابر آنیوالا آبہر سے

اللهم انا نعوذ بك من شر ما ارسل به اللهم سيبا نافعا

یا اللہ بلا شبہ ہم پناہ مانگتی ہیں ساتہہ تیری برائی اوسچیز کی کہ بہیجا گیا ہی ساتہہ ابر کے یا اللہ ابر کو جاری نفع دینی والا

پس اگر کہولدی اسکو اللہ تعالی اور نہ برسی الحمد لله کہی اسپر ؎

اور جب دیکہی مینہ کو کہی اللهم صيبا نافعا ؎ اور بعض روایت میں

یا اللہ برسا مینہ بہت نفع دینی والا

یہہ دعا آئی ہی اللهم سيبا نافعا دو بار یا تین بار پڑہے

یا اللہ کر مینہ کو جاری نفع دینی والا

پس جب بہت ہو مینہ اور خوف ہو ضرر کا کہی اللهم حوالينا ولا علينا

یا اللہ مینہ برسا گرد ہمارے اور نہ برسا ہمپر

اللهم على الآكام والآجام والظراب والاودية ومنابت الشجر ؎

یا اللہ برسا مینہ ٹیلوں پر اور قلعوں پر اور پہاڑوں پر اور نالوں پر اور اوپر جگہہ اوگنی درختوں کے

اور جب سنی گرجنا اور کڑکنا تو پڑہی اللهم لا تقتلنا بغضبك ولا

یا اللہ نہ مار ہمکو ساتہہ غضب اپنی کے اور نہ

تهلكنا بعذابك وعافنا قبل ذلك ؎

ہلاک کر ہمکو ساتہہ عذاب اپنی کی اور عافیت دی ہمکو پہلی اسکی

اور بعض روایت میں یہہ دعا آئی ہے سبحان الذي يسبح

پاک ہی وہ اللہ کہ پاکی بیان کرتا

الرعد بحمده والملائكة من خيفته ؎

اوسکی رعد ساتہہ تعریف اوسکی اور پاکی بیان کرتی ہیں سب فرشتے خوف اوسکے

اور جب چلی ہوا تو متوجہ ہووی اوسکی طرف یعنی جدہر سی چلتی ہی

ف یعنی فائدہ اوسکا مینہ نالوں میں اور کہیتوں میں برساتا کہ نفع کرے اور کام میں آوی [illegible]

اور دہر موہنہ کری اور بیہٹی او پر گہٹنون اپنی کی اور ہاتہون اپنی کے
یعنی بصورت تواضع بیہٹی اور پڑہی اللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْأَلُکَ خَیْرَهَا
وَخَیْرَ مَا فِیْهَا وَخَیْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُ بِکَ
مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِیْهَا وَشَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ ۵
اور بعض روایت مین یہہ ہی اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رِیَاحًا وَّلَا تَجْعَلْهَا
رِیْحًا اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رَحْمَةً وَّلَا تَجْعَلْهَا عَذَابًا ۵
اور جو آوی ساتہہ ہوا کی اندہیری پناہ پکڑی ساتہہ پڑہنی قُلْ اَعُوْذُ
بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ کے ۵ اور بعض روایت
مین ہکا پڑہنا آیا ہی اللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ هٰذِهِ الرِّیْحِ
وَخَیْرِ مَا فِیْهَا وَخَیْرِ مَا اُمِرَتْ بِهٖ وَنَعُوْذُ بِکَ
مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرِّیْحِ وَشَرِّ مَا فِیْهَا وَشَرِّ مَا اُمِرَتْ
بِهٖ ۵ اور بعض روایت مین یہہ آئی ہی اللّٰهُمَّ لَقْحًا لَا
عَقِیْمًا ۵ اور جب سنی آواز مرغون کی پس چاہیی کہ مانگی اللہ تعالی سی
فضل اوسکا ۵ اور جب سنی آواز گدہون کی پس چاہیی کہ پناہ پکڑی
ساتہہ اللہ کی شیطان راندہی ہوی سی یعنی اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ

الرَّجِیْمِ ۵ پڑہی کیونکہ وہ شیطان کو دیکھ کر آواز کرتا ہے

اور اسیطرح یعنی اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑہی جب سُنے

آواز کتون کی ۱؎ جب دیکھی کسوف یعنی سورج گہن یا چاند گہن بس چاہیی

کہ دعا کرے اللہ تعالیٰ سے اور تکبیر کہے اور نماز پڑہے اور

صدقہ دیوی ۲؎ اور جب پہلی رات کا چاند دیکھی کوئی تو کہی اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۵

اور بعض روایت مین پڑہنا اس دعا کا آیا ہے اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ

عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ

وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ ۵

اور بعض مین یہہ دعا آئی ہی ھِلَالُ خَیْرٍ وَرُشْدٍ اَللّٰھُمَّ

اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ ھٰذَا الشَّھْرِ وَخَیْرِ الْقَدْرِ

وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّہٖ ۵ تین بار پڑہے ۳؎ اور بعض مین

یہہ دعا آئی ہی اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا خَیْرَہٗ وَنَصْرَہٗ وَبَرَکَتَہٗ

وَفَتْحَہٗ وَنُوْرَہٗ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّہٖ وَشَرِّ مَا بَعْدَہٗ

اور جب دیکھی طرف چاند کی بس کہی اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ ھٰذَا

اور جب دیکھی کوئی لیلۃ القدر کو یعنی علامتین اوسکی تو چاہیی کہ کہے

اللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ ۵

اور جب دیکھی موںہہ اپنا آئینہ مین تو پڑہی اللّٰهُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ
فَحَسِّنْ خُلُقِیْ ۵ اور روایت مین یہہ دعا آئی ہے اللّٰهُمَّ
كَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَاَحْسِنْ خُلُقِیْ وَحَرِّمْ وَجْهِیْ عَلَی النَّارِ ۵
اور بعض مین یہہ آئی ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ سَوّٰی خَلْقِیْ وَاَحْسَنَ صُوْرَتِیْ
وَزَانَ مِنِّیْ مَا شَانَ مِنْ غَیْرِیْ ۵
اور روایت مین یہہ آئی ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ سَوّٰی خَلْقِیْ
فَعَدَّلَهٗ وَصَوَّرَ صُوْرَةَ وَجْهِیْ فَاَحْسَنَهَا وَجَعَلَنِیْ
مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۵ اور جب سلام کری کوئی کسیکو پس چاہیی کہ کہے
اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ ۵ اور روایت مین ہی اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اور بعضی
روایتون مین زیادہ کیا ہے وَرَحْمَةُ اللّٰهِ اور بعض مین وَبَرَكَاتُهٗ
پس جب جواب دی سلام کا یعنی مسلمان کو تو کہی وَعَلَیْكُمُ السَّلَامُ
وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۵ اور جو جواب دی کافر کتابی کو یعنی یہود ونصاریٰ
کو تو کہی عَلَیْكَ فقط یا وَعَلَیْكَ ۵ اور جب بہیجا جاوی کوئی
سلام کو کسیکی طرف سی تو چاہیی کہ کہی وَعَلَیْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

وبرکاتہ ۃ یا کہے وعلیک وعلیہ السلام ۃ اور جب چھینکے بس
چاہیے کہ کہے الحمد للہ اور روایت مین علی کل حال زیادہ آیا ہے
اور روایتونمین یہہ کہنا آیا ہے الحمد للہ حمدا کثیرا طیبا
مبارکا فیہ مبارکا علیہ کما یحب ربنا ویرضی ۃ
اور روایتونمین یہہ کہنا آیا ہے الحمد للہ رب العلمین ۃ اور کہا جاوے
چھینکنے والیکی جواب مین یرحمک اللہ ۃ اور چاہیے کہ جواب دیا جاوے
جواب دینے والا یعنے جسنے یرحمک اللہ کہا اوسی چھینکنے والا یون جواب دے
یہدیکم اللہ ویصلح بالکم ۃ یا یون جواب دے یغفر اللہ لی
ولکم ۃ اور روایت مین بدلے لی ولکم کے یون آیا ہے لنا
ولکم ۃ یا جواب یون دے یرحمنا اللہ وایاکم ویغفر لنا ولکم
اور جو ہوے چھینکنے والا کتابی یعنے یہودی یا نصرانی کہا جاوے جواب
اوسکو یہدیکم اللہ ویصلح بالکم ۃ اور جو کوئی کہے نزدیک
ہر چھینک کے الحمد للہ رب العلمین علی کل حال تو جب تلک جیتا رہیگا
نہین پاویگا درد دانت کا اور نہ کان کا کبھی اور جب تو لے کان سکیکا
بس چاہیے کہ یاد کرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اور درود بھیجے اونپر اور کہے

ذَکَّرَاللّٰهُ بِخَیْرٍ مَنْ ذَکَّرَنِیْ اور جب خوشخبری دیا جاوی کوئی ساتھہ
یاد کری اللہ تعالی ساتھ بہتری اوسکو کہ یاد کیا مجکو
اوسخبر کی کہ خوش کری اوسکو تو کہی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ یا کہی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
سب تعریف اللہ کے لئے
وَاللّٰهُ اَکْبَرُ یا سجدہ کری یعنی اللہ کی شکر کا اور جب دیکھی کوئی
اور اللہ بہت بڑا ہی
ذات اپنی سی یا مال اپنی سی یا ذات و مال غیر اپنی سی اوسخبر کو کہ خوش کری
اوسکو تو دعا کری ساتھہ برکت کی یعنی اَللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيْهِ کہے
یا اللہ برکت دی اوسمین
تا نظر نہ لگی وی اور جب چاہے بڑہنا مال اپنی کا تو کہی اَللّٰهُمَّ صَلِّ
یا اللہ رحمت بہیج
عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ
اوپر محمد کے کہ بندی تیرے ہین اور رسول تیرے اور اوپر مؤمن مردون
وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلَی الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اور جب
اور مؤمن عورتون کے اور اوپر مسلمان مردون اور مسلمان عورتون کے
دیکھی کوئی اپنی بہائی مسلمان کو کہ ہنستا ہی یعنی بسبب خوشی کی تو کہی
اَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ اور جب دوست رکھی اپنی بہائی مسلمان کو
ہنسا وی اللہ دانت تیرے
پس چاہا وی اوسکو یہہ یعنی محبت اپنی اسلئی کہ وہ بہی محبت کریگا اور رعایت
دوستی کی دعا وغیرہ مین پس جب کہی کوئی اوسکو کہ تحقیق مین دوست
رکہتا ہون تجکو تو وہ کہی اَحَبَّكَ الَّذِیْ اَحْبَبْتَنِیْ لَهٗ
دوست رکہی تجکو وہ ذات پاک کہ دوست رکہا تونے مجکو اوسکی لئے
اور جب کہی کوئی اوسکو غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ تو کہی وہ وَلَكَ
بخشے اللہ تجکو اور تجکو بہی بخشی
اور جب کہا جاوی اوسکو کہ کیونکر صبح کی تونی یعنی کیا حال ہی تیرا تو کہی

بیان تو خوشخبری کی
بیان اچہی چیز دیکہنی کا
بیان مال بڑہنی کا
فائدہ مال بڑہنی کا
بیان ہنسی والی کو دیکہنی کا
دوست رکہنی کا
جواب دوست کا
فائدہ اللہ
جواب بخشش کا
جواب صبح

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اِلَیْکَ ۵ اور جب پکارے کوئی اوسکو تو جواب دے اسکو لَبَّیْکَ ۵ اور جب کیا حاوے طرف اوسکی احسان یعنی اگر کوئی کسی احسان کرے مثلاً علم وغیرہ تعلیم کرے تو کہے احسان کرنیوالیکو جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا پس تحقیق اوسنے مبالغہ کیا تعریف مین اور ادا کیا حق اوسکا ۵ اور جب سامنے لاوے اوسکی بہائی اوسکا اہل و مال اپنا یعنی سلیئے کہ اسقدر رکہتاہون جو چاہے سو لیلے تو کہے بَارَکَ اللّٰہُ فِیْ اَهْلِکَ وَمَالِکَ ۵ اور جب پہر ادا دے قرض اپنا تو کہے اَوْفَیْتَنِیْ اَوْفَی اللّٰہُ بِکَ ۵ یا کہے بجاے اوفی اللہ بک کے وَفَّی اللّٰہُ بِکَ یا کہے اَوْفَاکَ اللّٰہُ ۵ اور جب دیکہے اوس چیز کو کہ دوست رکہتاہے یعنی مثل شفا مرض کی اور مال ہاتھہ لگنے کی اور قبولیت دعا وغیرہ ذلک کے تو کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ اور اگر دیکہے اوس چیز کو کہ برا جانتاہے تو کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ ۵ ندیے اللہ تعالے نے کسی بندیکو کوئی نعمت پس کہا اوسنے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ یعنی ایکبار مگر حال یہہ کہ تحقیق ادا کیا اوسنے شکر اوس نعمت کا پس اگر کہا اوسنے الحمد للہ دوسری بار تو از سر نو دیتاہے اللہ تعالی اوسکو ثواب اوس کا

پس اگر کہا یہہ کلمہ تیسری بار تو بخشتا ہی اللہ تعالی گناہ اوسکی ۵ نہ دی اللہ تعالی نی کسی بندیکو کوئی نعمت پس کہا اوسنی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ مگر کہ ہوتا ہی بندہ کہ تحقیق دیا گیا بہتر اوس چیز سی کہ لی تہی ۵ اور جب مبتلا کیا جاوی کوئی قرض مین تو پڑہے اَللّٰھُمَّ اَکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ ۵ ف روایت ہی ایک غلام مکاتب نی حضرت علی رض سی آنکر عرض کیا کہ اداے کتابت سی مین عاجز ہون مدد کرو میری فرمایا کہ تجکو کتنی ایک کلمے سکہا دیتا ہون کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی مجکو پہنچی ہین اگر بڑی پہاڑ کی برابر قرض ہو تجپر تو اللہ تعالی ادا کری پہر پہی دعا اللھم اکفنی آخر تک سکہائی کذا فی المشکوۃ اور ایک روایت مین اداے دین کی لئی آیا ہی کہ جمعہ کی نماز کی بعد ستر بار پڑہی اَللّٰھُمَّ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَعْصِیَتِکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ ۵ اور روایتو نمین یہہ دعا بہی آئی ہین اداے دین کی لئی اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْھَمِّ کَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ

رحمن الدنیا ورحیمہا انت ترحمنی برحمۃ تغنینی
بخشش کرنیوالی دنیا والون کی اور مہربان دنیا کی ف تو ہی مہربانی کرتا ہی مجپر پس رحم کر مجپر ساتھ اوس رحمت کی

بہا عن رحمۃ من سواک ۵ اللھم مالک الملک
کہ بی نیاز کرے مجکو بسبب اوسکی رحمت اونکی سی کہ سوا تیری ہین ف ۱ یا اللہ مالک ملک کے

تؤتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء
دیتا ہی تو ملک جسکو چاہی اور چہین لیتا ہی ملک جس سی چاہی

وتعز من تشاء وتذل من تشاء بیدک
اور عزت دیتا ہی جسکو چاہی اور ذلت دیتا ہی جسکو چاہے تیرے ہی ہاتھ مین ہی

الخیر انک علی کل شیء قدیر رحمن الدنیا والاخرۃ
بھلائی تحقیق تو ہر چیز پر قادر ہی ای بخشش کرنیوالے خلق کے دنیا اور آخرت

تعطیہما من تشاء وتمنع منہما من تشاء ارحمنی
دیتا ہی تو دنیا اور آخرۃ جسکو چاہی اور باز رکھتا ہی تو اون دونون سی جسکو چاہی

رحمۃ تغنینی بہا عن رحمۃ من سواک ۵
دی مجکو وہ رحمت کہ بی پروا کر تو مجکو بسبب اوسکے مہربانی اونکی سی کہ سوا تیرے ہین

اور پہلی گذری وہ دعا کہ پڑہی جو وقت کہ صبح کری اور جو وقت کہ شام
کری یعنی صبح و شام کی دعاؤں مین ایک دعا اوراد دین کی گذر چکے
ہے یعنی اللھم انی اعوذ بک من الھم آخر تک
اور جب پکڑے کسیکو ماندگی سبب کام کی یعنی جو کوئی تھک جاوی سبب
کرنی ایک کام کی یا چاہی زیادتی قوت کی پس سبحان اللہ
پڑہی نزدیک سوتی اپنی کی تینتیس بار اور الحمد للہ پڑہی تینتیس بار
اور اللہ اکبر پڑہی چونتیس بار یا ہر ایک تینتیس تینتیس بار پڑہی یا ایک
انہین سی یعنی جسکو چاہی بغیر تعین تکبیر کی چونتیس بار پڑہی اور باقی دو کو

تینتیس تینتیس بار اور پڑھے ہر ایک سے یعنی تسبیح و تحمید و تکبیر سے
پیچھے ہر نماز فرض کی دس دس بار اور نزدیک سونے کی تینتیس تینتیس بار
سبحان اللہ اور الحمد للہ اور چونتیس بار اللہ اکبر اور جو کوئی
مبتلا کیا جاوے ساتھ وسوسے کی یعنی وسوسہ اعتقاد مین ہو یا بدن مین
پس چاہیے کہ پناہ پکڑے ساتھ اللہ کی یعنی کہے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم
اور بازآوے اور کہے آمَنتُ بِاللّٰہِ وَرُسُلِہٖ اور پھر پڑھے اَللّٰہُ
ایمان لایا مین اللہ پر اور اوسکے رسولون پر
اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ
اللہ ایکہی اللہ بے نیاز ہی نہ جنا اور نہ جنا گیا اور نہین ہی اوسکا ہمسر کوئی
پھر چاہیے کہ تھوکے بائین طرف اپنی تین بار اور پناہ پکڑے ساتھ اللہ کی
شیطان راندے ہوئے سے اور فتنہ اوسکے سے یعنی کہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ
پناہ پکڑتا ہون ساتھ اللہ
مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ وَفِتْنَتِہٖ اور جو وسوسہ ہووے عملون مین یعنی نماز
شیطان راندے ہوئے سے اور فتنہ اوسکے سے
اور وضو اور سوا انکے مین تو تحقیق یہہ وسوسہ ڈالنے والا شیطان ہے
کہ کہا جاتا ہے اوسکو خنزب پس چاہیے کہ اعوذ باللہ من الشیطان
الرجیم پڑھے اور تھوکے بائین طرف اپنی تین بار اور جو کوئے
غصہ ہووے پھر کہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ جاتی رہتی ہے
پناہ مانگتا ہون ساتھ اللہ کے شیطان راندے ہوئے سے
اوس سے وہ چیز کہ پاتا ہے یعنی غصہ اور جو کوئی ہووے تیز زبان یعنے

بدزبان لازم کری استغفار کو واسطی اسحدیث کی کہ حذیفہ صحابی نقل کرتی ہین کہ شکوہ کیا مینی طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے تیز زبانی اپنی کا پس فرمایا کہان ہی تو استغفار سی یعنی استغفار کیون نہین پڑہتا کہ اوس سی بلیات ظاہر و باطن کی دفع ہوتی ہی تحقیق مین البتہ استغفار کرتا ہون اللہ سے ہر دن مین سو بار ف اور جو شخص آوی طرف مجلس کی پس چاہئی کہ السّلامُ عَلَیکُم کہی پس اگر دلمین آوی اوسکی یہہ کہ بیٹھی پس بیٹھی پہر جب اوٹھی پس سلام کری ف اور کفارہ مجلس کا یعنی دور کرنیوالا مجلس کی گناہون کا یہہ ہی کہ کہے پہلی اوٹھنی کی سُبحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمدِکَ اَشھَدُ اَن لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنتَ اَستَغفِرُکَ وَاَتُوبُ اِلَیکَ

(پاکی ہی تجکو یا اللہ اور پاکی کہتا ہون تیری ساتھ تعریف تیری کی گواہی دیتا ہون نہین ہی کوئی معبود مگر تو بخشش مانگتا ہون تجہی اور توبہ کرتا ہون طرف تیرے)

اور بعضی روایتونمین تین بار پڑہنا اس دعا کا آیا ہے ف فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ جو شخص کسی مجلس مین بیٹھا اور لغو کلام اوس سی بہت صادر ہون پہر اوٹھنی کی پہلی یہہ دعا پڑہی تو بخشی جاتی ہی وہ چیز کہ اس مجلس مین اوس سی واقع ہوئی ہتی اور ایک روایت مین آیا ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑہتے

بیان مجلسمین آنیکا

کفارہ مجلس

یا کسی مجلس مین بیٹھی تو پڑہا کری سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَا اِلٰهَ
پاکی ہی تجکو یا اللہ اور پاکی بیان کرتا ہون تیری ساتھ تعریف کی
اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ حضرت عائشہ رضی نے
نہین کوئی معبود مگر تو بخشش مانگتا ہون تجہسی اور توبہ کرتا ہون طرف تیرے
فائدہ اسکا پوچہا فرمایا اگر کوئی اچہا کلام کرتا ہی تو ہوتا ہی پڑہنا اسکا مہر اوسپر
یعنی اسکی پڑہنی سی ثواب اچہی کلام کا ثابت رہتا ہی ضایع نہین ہوتا کسی گناہ سی
اور اگر بری کلام کی بعد پڑہتا ہی تو اوس کلام کا گناہ بخشا جاتا ہی مشکوٰۃ
اور روایتون مین یہہ دعا ہی کفارہ مجلس کے لئی آئی ہی عَمِلْتُ سُوْءًا وَ
کی مینی برائی اور
ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ
ظلم کیا مینی اپنی جان پر پس بخش مجکو تحقیق نہین بخشتا گناہون کو مگر تو
نہ بیٹہی کوئی قوم کسی مجلس مین کہ نہ یاد کی اللہ تعالی کی اوسمین اور نہ درود
بہیجا اپنی نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر مگر ہو گی یہہ مجلس اونپر موجب حسرت کی
یعنی قیامت مین پس اگر چاہی اللہ عذاب کری اونکو اور اگر چاہی بخشی اونکو
اور جو کوئی آوی بازار مین پس پڑہی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا
نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہین
شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ
کوئی شریک اوسکا اوسیکے لئی بادشاہت ہی اور اوسیکے لئی سب تعریف جلاتا ہی اور مارتا ہی اور وہ زندہ ہی
لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ
کہ نہ مریگا اوسیکے ہاتھ ہی بہلائی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی
لکہتا ہی اللہ اوسکی لئی دس لاکہہ نیکیان اور دور کرتا ہی اوس سی دس لاکہہ برائیان
